DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 13.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بھارت کے خلاف فتح نے مسلم دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کفایت شعاری لازم، غیر ضروری اخراجات کم کیے جائیں، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | کالجز کے طلبہ وطالبات کے سٹڈی ٹورز کے لئے فنڈز مختص کرنے کا فیصلہ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | پاکستان کسی بھی مس ایڈونچر کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | سرکاری ہسپتالوں میں عملے کی غفلت قبول نہیں، صوبائی وزیر صحت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پاکستان کی سالمیت اور دفاع پر کوئی کمپرومائز قبول نہیں، ظہور بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | جھل مگسی پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بھارت مخالف ریلی نکالی گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بلوچستان کے نوجوانوں کو ترقی کے سفر میں شامل کرنا ہے، وی سی بیوٹمز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | پاک فوج چیلنجز سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، کمانڈر ژوب ملیشیاء | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئی ملازم غیر قانونی شکار میں ملوث نہیں، ریکوڈک کمپنی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

گنداواہ میں نامعلوم مسلح افراد کا لیویز چیک پوسٹ پر حملہ، سنجاوی کے علاقے بغاؤ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص زخمی، واشک ایک شخص اغواء کے بعد قتل گولیاں لگی نعش ملی، بلوچستان کے علاقے راڑہ شم میں مسافر کوچ پر فائرنگ، ڈھاڈر ربائی پاس کے قریب ایک شخص کی تشدد زدہ نعش ملی۔

## مسائل:

کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں میں کچرے کے ڈھیر عوام کا کوئی پرسان حال نہیں،

مورخہ 13.05.2025

## اداریہ:

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے " **بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ بلوچستان میں طبی سہولیات کا فقدان پایا جاتا ہے، یہاں کے اکثر سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات فراہم نہیں کی جارہیں، ان ہسپتالوں میں کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان کے ہسپتال بھی شامل ہیں، حیرت کی بات یہ ہے کہ صوبے میں آنے والی ہر حکومت نے طبی سہولیات کی فراہمی کے وعدے اور دعوے کیئے لیکن عملی طور پر کچھ نہیں ہوا، حالانکہ ہر بجٹ میں صحت کے شعبے کے فنڈز میں اضافہ بھی کیا جاتا رہا لیکن اس کے باوجود ہسپتالوں میں مریضوں کو علاج کروانے میں مشکلات درپیش رہے۔ اب وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اقتدار میں آتے ہی صحت کے شعبے کو فعال کرنے کیلئے اقدامات کا آغاز کر دیا ہے وہ اس سلسلے میں متعلقہ حکام کو وقتاً فوقتاً شعبے کے بہتری کیلئے ہدایات دیتے رہے ہیں اس کے ساتھ ساتھ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ بھی محکمے کی بہتری کیلئے کوشاں ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے

بات کی غمازی کرتا ہے کہ وہ عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے۔گزشتہ روز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی حکومت اور انڈس ہسپتال کے تعان سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی رہائش اور دیگر سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومت مکمل تعاون کریگی انہوں نے ہدایت دی کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کی ہائرنگ جلد مکمل کی جائے صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سرفہرست ہے، حکومت کے ان اقدامات کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔ہم سمجھتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا بہترین طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق بیان صوبے کے عوام کو بہترین مفاد میں ہے، اس سے صوبے میں طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی اور عوام کو صحت کی سہولتیں ان کی دہلیز پر فراہم ہوگی۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ **"گوادر کے اہم منصوبوں سے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی ترجیح ہونی چاھئے"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ **"بلوچستگان کے عوام نے ہمیشہ پاک فوج کا ساتھ دیا ھے"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ **"پاکستان کے باقی صوبوں کو خیبرپختونخوا سے سکیھنے کیضرورت"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ **"ایف سی بلوچستان (سائوتھ) عوام دوستی کی درخشاں مثال"** کے عنوان سے نسیم الحق کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ **"وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے مستحسن اقدامات"** کے عنوان سے محمد سلیم کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 13 MAY 2025 Page No. 1


## بھارت کیخلاف فتح سے مسلم دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا، گورنر مندوخیل

### یہ کارنامہ غیر متزلزل جذبے اور عسکری صلاحیتوں کے ثبوت کے طور پر تاریخ میں لکھا جا چکا، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے 15 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس ورکشاپ کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے، بھارتی جارحیت کے خلاف حالیہ جنگ میں پاکستان کی شاندار جیت پر قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی، اس فتح نے پوری مسلم دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا ہے جس کا کریڈٹ افواج پاکستان اور موجودہ حکومت کو جاتا ہے. یہ بات قابل فخر ہے کہ پاکستان نے معیشت اور اسلحہ میں اپنے سے کئی گنا بڑے ملک بھارت کو شکست دی۔ یہ کارنامہ پاکستان کے غیر متزلزل جذبے اور عسکری صلاحیتوں کے ثبوت کے طور پر تاریخ میں لکھا جا چکا ہے. اس موقع پر صوبائی وزراء راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، محمد خان لہڑی، بادیہ نواز اور نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے چیف کوآرڈینیٹر بلوچستان بریگیڈیئر بلال بھی موجود تھے، اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ تین ہفتے کے دورانیہ پر مشتمل ورکشاپ کا مقصد دراصل خطے کے تازہ ترین حالات و واقعات سے آگہی حاصل کرنا ہے تاکہ ہم اپنی پائیدار معاشی ترقی اور سماجی انصاف کی پاسداری کیلئے ضروری اقدامات اٹھا سکیں، انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل، معدنیات اور رقبے کے لحاظ سے بلوچستان ایک زرخیز صوبہ ہے اور یہ سینٹرل ایشیا کے ممالک تک رسائی کا زمینی راستہ فراہم کرتا ہے، یہ بات اعتماد کے ساتھ کی جا سکتی ہے کہ پاکستان کا روشن مستقبل بلوچستان سے وابستہ ہے. آپ کی باہمی مشاورت اور اجتماعی دانش سے بلوچستان کے مسائل حل کرنے میں مدد اور فکری رہنمائی مل سکتی ہے، قبل ازیں گورنر مندوخیل نے پندرہویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء میں اسناد اور یادگاری شیلڈز تقسیم کیں۔

MASHRIQ QUETTA

## پوری مسلم دنیا میں پاکستان کا سر فخر سے بلند ہو گیا ہے، گورنر بلوچستان

### یہ بات قابل فخر ہے کہ پاکستان نے معیشت اور اسلحہ میں اپنے سے کئی گنا بڑے ملک بھارت کو شکست دی

### 15 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء پائیدار سیاسی و معاشی ترقی اور خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے 15 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کی اختتامی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس ورکشاپ کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہونگے. بھارتی جارحیت کے خلاف حالیہ جنگ میں پاکستان کی شاندار جیت پر قوم کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی. اس ؟؟ فتح نے پوری مسلم ورلڈ میں پاکستان کا سر فخر سے بلند کیا ہے جسکا کریڈٹ افواج پاکستان اور موجودہ حکومت کو جاتا ہے. یہ بات قابل فخر ہے کہ پاکستان نے معیشت اور اسلحہ میں اپنے سے کئی گنا بڑے ملک بھارت کو شکست دی۔.........

بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

یہ کارنامہ پاکستان کے غیر متزلزل جذبے اور عسکری صلاحیتوں کے ثبوت کے طور پر تاریخ میں لکھا چکا ہے. اس موقع پر صوبائی وزراء راحیلہ حمید خان درانی، میر عاصم کرد گیلو، محمد خان لہڑی، بادیہ نواز اور نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے چیف کوآرڈینیٹر بلوچستان بریگیڈیئر بلال بھی موجود تھے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLI[C] RELATIONS BALOCHS[TAN]

نظامت اعلیٰ تعلقا[ت عامہ]
حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1

Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
BC-J-1 · 2841993-2842016-2841078
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 · منگل 15 ذیقعد 1446ھ 13 مئی 2025ء · نمبر 131
قیمت 30 روپے

وزیر اعلیٰ منصوبوں میں تاخیر پر شدید برہم، ایک سال میں 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں، صورتحال ناقابل قبول، جون سے قبل بسیں سڑکوں پر لانے کی ہدایت

# کفایت شعاری لازم، غیر ضروری اخراجات کم کیے جائیں، سرفراز بگٹی

بجٹ کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائیگا

فنڈز کا ضیاع روکنے کیلئے سخت نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، منصوبوں کی ڈیڈ لائن پر ہر صورت عمل درآمد چاہتے ہیں، اجلاس، ملازمین کی رخصت پر پابندی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/ 26 کے بجٹ کی تیاریوں کو بروقت اور موثر بنانے کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے چیف منسٹر سیکریٹریٹ، چیف سیکریٹری آفس، محکمہ خزانہ اور محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کے تمام ملازمین کی رخصتوں پر پابندی عائد کردی ہے یہ فیصلہ پیر کو وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا جس میں بجٹ کی تیاریوں اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مجموعی حجم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک تھے اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ کو آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق تیاریوں، مختلف ترقیاتی اسکیموں، مجوزہ ترجیحات اور مالی نظم و ضبط سے متعلق امور پر بریفنگ دی گئی اس موقع پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری ایک حساس اور اہم عمل ہے جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی مکمل دستیابی اور استعداد ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ آئندہ بجٹ کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے گا تاکہ صوبے کے ہر طبقے کو ترقی کے مواقع میسر آئیں وزیر اعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ تمام منصوبے زمینی حقائق، عوامی مطالبات اور مالی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیئے جائیں، اور ترقیاتی فنڈز کا ضیاع روکنے کے لیے سخت نگرانی کا نظام وضع کیا جائے وزیر اعلیٰ نے زور دیا کہ بجٹ میں کفایت شعاری کو اپنایا جائے اور غیر ضروری سرکاری اخراجات میں واضح کمی لائی جائے تاکہ دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ فائدہ عوام کو پہنچایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہے اور بجٹ کے عمل کو شفاف، مربوط اور مشاورتی انداز میں مکمل کیا جائے گا، اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ بجٹ سازی کے عمل کو تیز اور شفاف بنانے کے لیے تمام محکمے قریبی رابطے اور بھرپور تعاون سے کام کریں گے جبکہ فیلڈ میں جاری اسکیموں کے جائزے اور ترجیحی بنیادوں پر نئے منصوبے شامل کیے جائیں گے۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی بروقت تکمیل کے لیے اقدامات پر زور دیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، اور تمام محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کی جانب سے وزیر اعلیٰ کو جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بعض محکموں کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کیا انہوں نے کہا، "ایک سال گزر جانے کے باوجود صرف 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں یہ صورتحال بالکل ناقابل قبول ہے۔ جون سے قبل یہ بسیں سڑکوں پر ہونی چاہئیں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولت فراہم کی جاسکے وزیر اعلیٰ نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عوامی خدمات میں مزید تاخیر نہ ہو اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ جون تک جاری منصوبوں کو مکمل کریں، بصورت دیگر ان کی فنڈنگ روک دی جائے گی اور سست رفتار منصوبوں کے فنڈز ایسے فعال منصوبوں کو منتقل کیے جائیں گے جو تیزی سے پایہ تکمیل کو پہنچائے جارہے ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ کھیل کے 2015 سے زیر التواء منصوبوں پر بھی سخت ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ نو سال گزرنے کے باوجود ان منصوبوں کی تکمیل نہ ہونا باعث تشویش ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ذمہ داریوں کا تعین کرنے اور جوابدہی یقینی بنانے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافہ کرتی ہے بلکہ اس سے منصوبوں کی لاگت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

## بلوچستان کی پہلی ہندو خاتون اسسٹنٹ کمشنر نوجوانوں کیلئے مشعل راہ، وزیر اعلیٰ

محنت، لگن اور استقامت سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، صوبے کیلئے باعث اعزاز ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کرنے والی کم عمر اور باصلاحیت اقلیتی افسر اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری نے اپنے والد گردھاری لعل کے ہمراہ ملاقات کی، کشش چوہدری کا تعلق بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ ضلع نوشکی سے ہے، وزیر اعلیٰ نے نوجوان خاتون افسر کی شاندار کامیابی پر مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف اقلیتی برادری بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث اعزاز ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی اور ان کے لیے مواقع کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے، کشش چوہدری کی کامیابی اس امر کا ثبوت ہے کہ اگر نوجوانوں کو مواقع اور رہنمائی دی جائے تو وہ کسی بھی میدان میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشش چوہدری نے اپنی محنت، لگن اور استقامت سے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا بلکہ اقلیتی برادری کے دیگر نوجوانوں کے لیے بھی مشعل راہ بن گئی ہیں حکومت اقلیتوں کو قومی دھارے میں لانے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے محنت و لگن سے کامیابی سمیٹنے پر کشش چوہدری کو سرٹیفکیٹ بھی دیا اس موقع پر رکن قومی اسمبلی میر محمد عثمان بادینی، میر غلام دستگیر بادینی، پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور سنجے کمار، اور اقلیتی رکن صوبائی اسمبلی روی کمار بھی موجود تھے جنہوں نے کشش چوہدری کی کامیابی کو بلوچستان کے روشن مستقبل کی نوید قرار دیا۔

## وزیر اعلیٰ کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مقامی ٹی وی کے رپورٹر حسن بٹ کے والد اور مقامی نیوز ایجنسی کے بیورو چیف دانیال بٹ کے چچا محمد علی بٹ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | منگل 15 ذیقعد 1446ھ 13 مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 315

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashdqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

# بجٹ عوامی ضروریات سے ہم آہنگ ہونا چاہیے، ترقیاتی فنڈز کا ضیاع روکنے کیلئے سخت نگرانی کا نظام وضع کیا جائے، وزیراعلیٰ

بجٹ میں کفایت شعاری اپنائی جائے غیر ضروری سرکاری اخراجات میں واضح کمی لائیں تاکہ دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ فائدہ عوام کو پہنچایا جا سکے، حکومت عوامی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہے

**بعض محکموں کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر شدید برہمی، "ایک سال گزر جانے کے باوجود صرف 21 بسیں نہ خریدی جا سکیں یہ صورتحال ناقابل قبول ہے، جون سے قبل یہ بسیں سڑکوں پر ہونی چاہئیں**

بلوچستان کے تمام اضلاع کی مساوی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بجٹ کی تیاری میں ہر علاقے کے حقیقی مسائل اور ضروریات کو سامنے رکھ کر وسائل مختص کیے جائیں گے، میر سرفراز بگٹی کا اجلاس سے خطاب

**وزیراعلیٰ نے آئندہ بجٹ کی تیاری کے پیش نظر چیف منسٹر سیکریٹریٹ، چیف سیکریٹری آفس، محکمہ خزانہ اور محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کے تمام ملازمین کی رخصتوں پر پابندی عائد کرنے کا حکم جاری کر دیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے بجٹ کی تیاریوں کو بروقت اور مؤثر بنانے کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے چیف منسٹر سیکریٹریٹ، چیف سیکریٹری آفس، محکمہ خزانہ اور محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کے تمام ملازمین کی رخصتوں پر پابندی عائد کر دی ہے یہ فیصلہ پیر کو وزیراعلیٰ کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا جس میں بجٹ کی تیاریوں اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مجموعی حجم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک تھے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کو آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق تیاریوں، مختلف ترقیاتی اسکیموں، مجوزہ ترجیحات اور مالی نظم و ضبط سے........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

متعلق امور پر بریفنگ دی گئی اس موقع پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری ایک حساس اور اہم عمل ہے جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی مکمل دستیابی اور استعداد ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ آئندہ بجٹ کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے گا تاکہ صوبے کے ہر طبقے کو ترقی کے مواقع میسر آئیں وزیراعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ تمام منصوبے زمینی حقائق، عوامی مطالبات اور مالی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیے جائیں، اور ترقیاتی فنڈز کا ضیاع روکنے کے لیے سخت نگرانی کا نظام وضع کیا جائے وزیراعلیٰ نے زور دیا کہ بجٹ میں کفایت شعاری کو اپنایا جائے اور غیر ضروری سرکاری اخراجات میں واضح کمی لائی جائے تاکہ دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ فائدہ عوام کو پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہے اور بجٹ کے عمل کو شفاف، مربوط اور مشاورتی انداز میں مکمل کیا جائے گا اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ بجٹ سازی کے عمل کو تیز اور شفاف بنانے کے لیے تمام محکمے قریبی رابطے اور بھرپور تعاون سے کام کریں گے جبکہ فیلڈ میں جاری اسکیموں کے جائزے اور ترجیحی بنیادوں پر نئے منصوبے شامل کیے جائیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی بروقت تکمیل کے لیے اقدامات پر زور دیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبدالباسط، اور تمام محکموں کے سیکریٹریز نے شرکت کی محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کی جانب سے وزیراعلیٰ کو جاری ترقیاتی منصوبوں اور ان کی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بعض محکموں کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر شدید برہمی کا اظہار کیا انہوں نے کہا، "ایک سال گزر جانے کے باوجود صرف 21 بسیں نہ خریدی جا سکیں یہ صورتحال بالکل ناقابل قبول ہے۔ جون سے قبل یہ بسیں سڑکوں پر ہونی چاہئیں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولت فراہم کی جا سکے وزیراعلیٰ نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ عوامی خدمات میں مزید تاخیر نہ ہو اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ جون تک جاری منصوبوں کو مکمل کریں، بصورت دیگر ان کی فنڈنگ روک دی جائے گی اور سست رفتار منصوبوں کے فنڈز ایسے فعال منصوبوں کو منتقل کیے جائیں گے جو تیزی سے پایہ تکمیل کو پہنچائے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے محکمہ کھیل کے 2015 سے زیر التوا منصوبوں پر بھی سخت ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ نو سال گزرنے کے باوجود ان منصوبوں کی تکمیل نہ ہونا باعث تشویش ہے انہوں نے متعلقہ حکام کو ذمہ داریوں کا تعین کرنے اور جوابدہی یقینی بنانے کی ہدایت کی وزیراعلیٰ نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر نہ صرف عوامی مشکلات میں اضافہ کرتی ہے بلکہ اس سے منصوبوں کی لاگت میں بھی اضافہ ہوتا ہے، جس کا اثر آخرکار صوبائی خزانے پر پڑتا ہے اس لئے ضروری ہے کہ تمام منظور شدہ منصوبوں کی تکمیل کو بروقت یقینی بنایا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مختلف محکموں کو جو ڈیڈ لائن دی گئی ہے اس پر ہر صورت عمل درآمد چاہتے ہیں اس لئے تمام انتظامی سیکریٹریز پوری تندہی اور سنجیدگی سے ذاتی طور پر نگرانی اور پیش رفت کو یقینی بنائیں۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت آئندہ مالی سال 2025/26 کے بجٹ اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کی تشکیل سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس پیر کے روز چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی، پاکستان مسلم لیگ، عوامی نیشنل پارٹی، جماعت اسلامی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈرز اور اراکین اسمبلی نے شرکت کی شرکاء نے بجٹ کی تیاری میں تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کے وزیراعلیٰ کے اقدام کو سراہا اور اسے جمہوری روایات کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا اجلاس کے دوران آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی پروگرام کے خدوخال پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے بجٹ اور پی ایس ڈی پی کو عوامی ضروریات، پسماندہ علاقوں کی ترقی، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے اور روزگار کے مواقع کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع کی مساوی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے بجٹ کی تیاری میں ہر علاقے کے حقیقی مسائل اور ضروریات کو سامنے رکھ کر وسائل مختص کیے جائیں گے اور تجویز کردہ منصوبوں کی مکمل ایلوکیشن کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ ترقی کا عمل یکساں طور پر آگے بڑھے انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے ترتیب دیا گیا بجٹ نہ صرف عوامی امنگوں کا ترجمان ہوگا بلکہ صوبے کی معیشت کو مستحکم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا اجلاس کے اختتام پر تمام پارلیمانی نمائندوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ بجٹ کی تیاری میں مشاورت کا عمل نہایت شفاف اور جامع رکھا جا رہا ہے، آئندہ بجٹ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔

## وزیراعلیٰ سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی ملاقات

**وفاق اور بلوچستان کے درمیان روابط، ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز یہاں چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ملاقات کی، ملاقات میں.........

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

…باہمی دلچسپی کے امور، وفاق اور بلوچستان کے …درمیان روابط، ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال …تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے …چستان کی ترقی کے لیے وفاق کے تعاون کو …راہتے ہوئے کہا کہ باہمی مشاورت اور ہم آہنگی …ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے ڈپٹی چیئرمین …سینیٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ کو یقین دلایا …کہ بلوچستان کے عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے …سینیٹ میں آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

## وزیراعلیٰ سے اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری کی ملاقات

**محنت و لگن سے کامیابی سمیٹنے پر کشش چوہدری کو سوئینیئر پیش کیا گیا**

حکومت اقلیتوں کو قومی دھارے میں شامل کر رہی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ، (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کرنے والی کم عمر اور باصلاحیت اقلیتی افسر.........

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری نے اپنے والد گرداری لعل کے ہمراہ ملاقات کی، کشش چوہدری کا تعلق بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ ضلع نوشکی سے ہے وزیراعلیٰ نے نوجوان خاتون افسر کی شاندار کامیابی پر مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف اقلیتی برادری بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث اعزاز ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی اور ان کے لیے مواقع کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا محمد علی بٹ کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نجی ٹی وی کے رپورٹر حسن بٹ کے والد اور این این آئی نیوز ایجنسی کے بیورو چیف دانیال بٹ کے چچا محمد علی بٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے تعزیتی بیان میں مرحو.........

بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

…م کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان سے شہید لیویز اہلکار کے والد کی ملاقات

**میر سرفراز بگٹی نے شہید کے والد کو معاوضے کا چیک پیش کیا، خدمات کی تعریف**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے شہید لیویز اہلکار حق نواز کے والد لعل محمد اور دیگر لواحقین نے پیر کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر شہید اہلکار کے والد کو معاوضے کا چیک اور شہید کے بیٹے عبدالسلام کی تقرری کے احکامات حوالے کیے یاد رہے کہ شہید لیویز اہلکار حق نواز کو 2 مئی 2025 کو تحصیل منگچر.........

بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

کے علاقے کوٹ لالگو کے قریب مسلح موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا تھا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا بھی کی انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، اور حکومت شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 4




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



گورنر جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی باکسر محمد وسیم کو عالمی ٹائٹل دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کرنے والی کم عمر ہونہار اقلیتی افسر اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے آئی جی پولیس معظم جاہ انصاری ملاقات کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی شہید لیویز اہلکار حق نواز میں والد حل محمد کوان کے بیٹے عبدالسلام کی تعیناتی کے آرڈر حوالے کر رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 150 | منگل، 15 ذیقعد، 13 مئی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# جون تک مکمل نہ ہونے والے منصوبوں کی فنڈنگ روک دی جائیگی، وزیراعلیٰ

منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر برہمی، ایک سال میں 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں یہ ناقابل قبول ہے، اجلاس سے خطاب

**بجٹ اور PSDP کو عوامی ضروریات و عوامی امنگوں کے مطابق ترتیب دیا جائیگا، پارلیمانی لیڈرز و ارکان اسمبلی سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان کی بروقت تکمیل کے لیے (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت آئندہ مالی سال 26/2025 کے بجٹ اور پبلک سیکٹر (باقی صفحہ 5 نمبر 14)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی کے تحت منظور شدہ منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈویلپمنٹ پروگرام کی تشکیل سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کا اہم اجلاس چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم لیگ، عوامی نیشنل پارٹی، جماعت اسلامی اور بلوچستان عوامی پارٹی کے پارلیمانی لیڈرز اور اراکین اسمبلی نے شرکت کی شر نے بجٹ کی تیاری میں تمام سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لینے کے وزیراعلیٰ کے اقدام کو سراہا اور اسے جمہوری روایات کے فروغ کے لیے اہم قرار دیا اجلاس کے دوران آئندہ مالی سال کے بجٹ اور ترقیاتی پروگرام کے خدوخال پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ بلوچستان کے بجٹ اور پی ایس ڈی پی کو عوامی ضروریات، پسماندہ علاقوں کی ترقی، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے اور روزگار کے مواقع کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع کی مساوی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے بجٹ کی تیاری میں ہر علاقے کے حقیقی مسائل اور ضروریات کو سامنے رکھ کر وسائل مختص کیے جائیں گے اور تجویز کردہ منصوبوں کی مکمل ایلوکیشن کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ ترقی کا عمل یکساں طور پر آگے بڑھے انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت سے ترتیب دیا گیا بجٹ نہ صرف عوامی امنگوں کا ترجمان ہوگا بلکہ صوبے کی معیشت کو مستحکم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا اجلاس کے اختتام پر تمام پارلیمانی نمائندوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ بجٹ کی تیاری میں مشاورت کا عمل نہایت شفاف اور جامع رکھا جارہا ہے، آئندہ بجٹ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا۔

## وزیراعلیٰ سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سمیت دیگر کی ملاقاتیں

**باہمی مشاورت و ہم آہنگی سے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے، سیدال ناصر سے گفتگو**

پی ایس سی کا امتحان پاس کرنیوالی کشش چوہدری اور شہید لیویز اہلکار کے لواحقین بھی ملے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، وفاق اور بلوچستان کے درمیان روابط، ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 16)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاق کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ باہمی مشاورت اور ہم آہنگی سے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ کو یقین دلایا کہ بلوچستان کے عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے سینیٹ میں آواز بلند کی جاتی رہے گی۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کرنے والی کم عمر اور باصلاحیت اقلیتی افسر اسسٹنٹ کمشنر کشش چوہدری نے اپنے والد گرداری لعل کے ہمراہ ملاقات کی، کشش چوہدری کا تعلق بلوچستان کے پسماندہ اور دور افتادہ ضلع نوشکی سے ہے وزیراعلیٰ نے نوجوان خاتون افسر کی شاندار کامیابی پر مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف اقلیتی برادری بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث اعزاز ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی اور ان کے لیے مواقع کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے، کشش چوہدری کی کامیابی اس امر کا ثبوت ہے کہ اگر نوجوانوں کو مواقع اور رہنمائی دی جائے تو وہ کسی بھی میدان میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشش چوہدری نے اپنی محنت، لگن اور استقامت سے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا بلکہ اقلیتی برادری کے دیگر نوجوانوں کے لیے بھی مشعل راہ بن گئی ہیں حکومت اقلیتوں کو قومی دھارے میں لانے اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔

## بجٹ تیاری، چار دفاتر کے ملازمین کی رخصت پر پابندی

**سی ایم سیکرٹریٹ، چیف سیکرٹری آفس، محکمہ خزانہ اور ترقیات و منصوبہ بندی شامل**

آئندہ بجٹ کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جائے، سرفراز بگٹی کا خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025-26 کے بجٹ کی تیاریوں کو بروقت اور موثر بنانے کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے چیف منسٹر سیکریٹریٹ، چیف سیکریٹری آفس، محکمہ خزانہ اور محکمہ ترقیات و منصوبہ بندی کے تمام ملازمین کی (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

رخصتوں پر پابندی عائد کردی ہے یہ فیصلہ وزیراعلیٰ کی زیر صدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا جس میں بجٹ کی تیاریوں اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مجموعی حجم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 | بروز منگل 13/ مئی 2025ء بمطابق 15/ ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 131

# وزیراعلیٰ کی جون سے قبل جاری منصوبے مکمل کرنے کی ہدایت

بجٹ عوام دوست بنائیں گے میر سرفراز بگٹی

ایک سال گزرنے کے باوجود 21 بسیں نہ خریدی جاسکیں، یہ صورتحال ناقابل قبول عمل ہے، جون سے قبل بسیں سڑکوں پر ہونی چاہئیں

**بجٹ کی تیاری ایک حساس اور اہم عمل ہے، تمام متعلقہ اداروں کی مکمل دستیابی ناگزیر ہے، وزیراعلیٰ کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بقیہ نمبر 59 صفحہ 5 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال 2025/26 کے بجٹ کی تیاریوں کو بروقت اور مؤثر بنانے کے لیے اہم فیصلہ کرتے ہوئے چیف منسٹر بقیہ نمبر 60 صفحہ 5 پر

سیکریٹریٹ، چیف سیکریٹری آفس، محکمہ خزانہ اور محکمہ ترقیات ومنصوبہ بندی کے تمام ملازمین کی رخصتوں پر پابندی عائد کردی ہے یہ فیصلہ پیر کو وزیراعلیٰ کی زیرصدارت منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس میں کیا گیا جس میں بجٹ کی تیاریوں اور پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے مجموعی حجم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات و منصوبہ بندی حافظ عبدالباسط، سیکریٹری خزانہ عمران زرکون سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام اور ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند شریک تھے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کو آئندہ مالی سال کے بجٹ سے متعلق تیاریوں، مختلف ترقیاتی اسکیموں، مجوزہ ترجیحات اور مالی نظم وضبط سے متعلق امور پر بریفنگ دی گئی اس موقع پر میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بجٹ کی تیاری ایک حساس اور اہم عمل ہے جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کی مکمل دستیابی اور استعداد ناگزیر ہے انہوں نے کہا کہ آئندہ بجٹ کو عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے گا تاکہ صوبے کے ہر طبقے کو ترقی کے مواقع میسر آئیں وزیراعلیٰ نے حکام کو ہدایت دی کہ تمام منصوبے زمینی حقائق، عوامی مطالبات اور مالی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیے جائیں، اور ترقیاتی فنڈز کا ضیاع روکنے کے لیے سخت نگرانی کا نظام وضع کیا جائے وزیراعلیٰ نے زور دیا کہ بجٹ میں کفایت شعاری کو اپنایا جائے اور غیرضروری سرکاری اخراجات میں واضح کمی لائی جائے تاکہ دستیاب وسائل کا زیادہ سے زیادہ فائدہ عوام کو پہنچایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی توقعات پر پورا اترنے کے لیے پرعزم ہے اور بجٹ کے عمل کو شفاف، مربوط اور مشاورتی انداز میں مکمل کیا جائے گا اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ بجٹ سازی کے عمل کو تیز اور شفاف بنانے کے لیے تمام محکمے قریبی رابطے اور بھرپور تعاون سے کام کریں گے جبکہ فیلڈ میں جاری اسکیموں کے جائزے اور ترجیحی بنیادوں پر نئے منصوبے شامل کیے جائیں گے۔

# وزیراعلیٰ سے جاں بحق لیویز اہلکار حق نواز کے والد کی ملاقات، معاوضے کا چیک دیا

**بیٹے عبدالسلام کی تقرری کے احکامات حوالے کیے، والد اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت کا بھی اظہار**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے شہید لیویز اہلکار حق نواز کے والد لعل محمد اور دیگر لواحقین نے پیر کو چیف منسٹر سیکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر شہید اہلکار کے والد کو معاوضے کا چیک اور شہید کے بیٹے عبدالسلام کی تقرری کے احکامات حوالے بقیہ نمبر 41 صفحہ 5 پر

کیے یاد رہے کہ شہید لیویز اہلکار حق نواز کو 2 مئی 2025 کو تحصیل منگچر کے علاقے کوٹ لانگو کے قریب مسلح موٹر سائیکل سوار دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا تھا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے صبر جمیل کے لیے دعا بھی کی انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، اور حکومت شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن معاونت جاری رکھے گی۔

# وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی ملاقات

**ملاقات میں وفاق اور بلوچستان کے درمیان روابط اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز یہاں چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، وفاق اور بلوچستان کے درمیان روابط، ترقیاتی منصوبوں اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

گیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کی ترقی کے لیے وفاق کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ باہمی مشاورت اور ہم آہنگی سے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے وزیراعلیٰ کو یقین دلایا کہ بلوچستان کے عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے سینیٹ میں آواز بلند کی جاتی رہے گی۔

# صوبے میں تعلیم کا فروغ حکومت کی اولین ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

**وزیراعلیٰ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کرنے والی اقلیتی اسسٹنٹ کمشنر کی ملاقات**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان پبلک سروس کمیشن کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کرنے والی کم عمر اور باصلاحیت اقلیتی افسر اسسٹنٹ کمشنر بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

کشش چوہدری نے اپنے والد گرداری لعل کے ہمراہ ملاقات کی، کشش چوہدری کا تعلق بلوچستان کے پسماندہ اور دورافتادہ ضلع نوشکی سے ہے وزیراعلیٰ نے نوجوان خاتون افسر کی شاندار کامیابی پر مسرت اور فخر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی نہ صرف اقلیتی برادری بلکہ پورے بلوچستان کے لیے باعث اعزاز ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں تعلیم کے فروغ، نوجوانوں کی رہنمائی اور ان کے لیے مواقع کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل رکھے ہوئے ہے، کشش چوہدری کی کامیابی اس امر کا ثبوت ہے کہ اگر نوجوانوں کو مواقع اور رہنمائی دی جائے تو وہ کسی بھی میدان میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کشش چوہدری نے اپنی محنت، لگن اور استقامت سے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا بلکہ اقلیتی برادری کے دیگر نوجوانوں کے لیے بھی مشعل راہ بن گئی ہیں۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز پیر 12 / مئی 2025ء بمطابق 14 / ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 130

# بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں کھلاڑیوں کو بھرپور سپورٹ کریں گے، وزیراعلیٰ

## صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی، اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر ملک کا نام روشن کرسکتے ہیں

## پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لیکر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کرسکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز

بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر

میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا ائیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہوگا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سلامتی کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جوان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے۔

# ماں کی قربانی نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، وزیراعلیٰ

## ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ماں محض ایک رشتہ نہیں بلکہ محبت کی وہ چھاؤں ہے جو زندگی کو ٹھنڈک بخشتی ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ ماں کی دعا بنا کہے قبول ہو جاتی ہے وہ تربیت ہے جو کردار میں ڈھلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں وہ قربانی ہے جو زبان پر نہیں آتی مگر نسلوں کا مقدر سنوار دیتی ہے، آج اُن تمام عظیم ماؤں کو سلام پیش

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

کرتا ہوں جنہوں نے خاموشی سے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں کی شفقت اور قربانیوں کا کوئی نعم البدل نہیں ہوسکتا۔

# بھارت کے آسرے پر بلوچستان میں جنگ مسلط کرنے والے سوچیں وہ کہاں کھڑے ہیں، میر سرفراز بگٹی

## حملہ آوروں نے گوادر میں بلال مسجد کے قریب ایک گھر پر دستی بم حملہ کیا حملے میں پنجاب سے تعلق رکھنے والے تین افراد زخمی ہوئے، واقعہ کے بعد پولیس نے فوری ردعمل کا مظاہرہ کیا، وزیراعلیٰ، صحافیوں سے بات چیت

## جنہوں نے بلوچستان پر جنگ مسلط کر رکھی تھی انہیں آج ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti appreciated the cooperation of the Federation for the development of Balochistan and said that sustainable solutions to problems are possible only through mutual consultation and coordination. Deputy Chairman Senate Syedaal Khan Nasir assured the Chief Minister that his voice would continue to be raised in the Senate to protect the public interests of Balochistan. Moreover, Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday said that the incumbent provincial government is committed to promoting education in the province, guiding the youth and providing opportunities for them is keeping the provision of education among its top priorities,

He said this while talking to Assistant Commissioner Kashish Chaudhry and his father Gurdari Lal, a young and talented minority officer who passed the Balochistan Public Service Commission examination with distinction called on him here. Kashish Chaudhry belongs to the backward and remote Nushki district of Balochistan. The Chief Minister expressed happiness and pride over the brilliant success of the young female officer and said that this success is a matter of honor not only for the minority community but also for the entire Balochistan.

He said that Kashish Chaudhry's success is proof that if the youth are given opportunities and guidance, they could achieve success in any field.

Mir Sarfraz Bugti said that Kashish Chaudhry has not only proven her abilities with her hard work, dedication and perseverance but has also become a beacon for other youth from the minority community.

He said that the government is using all resources for the mainstreaming of minorities and their welfare.

The Chief Minister also gave a certificate to Kashish Chaudhry for achieving success through hard work and dedication Member of National Assembly (MPA) Mir Muhammad Usman Badeni, Mir Ghulam Dastgir Badeni, Parliamentary Secretary for Minority Affairs Sanjay Kumar, and Minority Member of Provincial Assembly Ravi Kumar were also present on the occasion

# Bugti orders completion of development projects in time

## Imposes leave ban in key departments, gives compensation check to martyr's father

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday issued strict directives to all provincial departments to ensure the timely completion of ongoing development projects under the Public Sector Development Programme (PSDP), warning that funds allocated to slow-moving projects will be diverted to more active and fast-progressing initiatives.

The directives were given during a high-level meeting held at the Chief Minister's Secretariat on Monday to review the implementation of the PSDP. The meeting was attended by Provincial Minister for Communications and Works Mir Saleem Khan Khosa, Provincial Finance Minister Mir Shoaib Nosherwani, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary for Development Hafiz Abdul Basit, and secretaries of all provincial departments.

During the briefing by the Planning and Development Department, the Chief Minister expressed serious displeasure over delays in certain departmental projects. He criticized the failure to procure just 21 buses despite a full year having passed. "This is completely unacceptable. These buses must be operational before June to provide better transportation services to the public," he said, directing the Transport Department to utilize all available resources for immediate completion of the project.

CM Bugti emphasized that any department failing to complete its projects by June will face funding cuts. He ordered that the financial resources of under process schemes be reallocated to projects that are progressing efficiently and nearing completion.

Particular concern was raised regarding several sports department projects pending since 2015. The Chief Minister condemned the nine-year delay as alarming and instructed relevant authorities to identify those responsible and ensure accountability.

He noted that delays in development projects not only cause inconvenience to the public but also lead to increased costs, putting extra strain on the provincial treasury. "All approved projects must be completed on time. Deadlines set for various departments must be strictly followed," Bugti warned.

He called on all secretaries to personally supervise their respective projects with diligence and seriousness to ensure measurable progress.

Moreover, Chief Minister (CM) Mir Sarfraz Bugti met with Lal Muhammad who is father of martyred Levies personnel Haq Nawaz and his family members on Monday.

The CM of Balochistan handed over a compensation check and an order for the appointment of his son Abdul Salam to the father of martyred Levies official Haq Nawaz.

However, martyred Levies personnel Haq Nawaz was shot dead by armed motorcycle terrorists near Kot Lango Tehsil Mangchar on May 2, 2025.

The CM of Balochistan expressed his condolences to the family members of the martyred personnel and prayed for the elevation of the martyr's ranks.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 70

## کالجز کے طلبہ وطالبات کے سٹڈی ٹورز کیلئے فنڈز مختص کرنیکا فیصلہ

**گریڈ 15 سے کم 1563 اسامیاں خالی، فوری بھرتی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں، شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت ہائیر ایجوکیشن کالجز سے متعلق اہم ایس این ای اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکریٹری خزانہ عمران خان زرکون، اسپیشل سیکریٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سمیت خزانہ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہائیر ایجوکیشن کالجز کی موجودہ کارکردگی، مالی ضروریات، تعلیمی سرگرمیوں خالی آسامیوں اور دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی ترقی اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبے کے تمام ہائیر ایجوکیشن کالجز میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات کے لیے (سٹڈی ٹورز) کے لیے خصوصی فنڈز مختص کیے جائیں گے تاکہ طلبہ کو نصابی تعلیم کے ساتھ اہم نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں شرکت کا بھی موقع ملے۔ اجلاس میں صوبے کے تمام کالجز میں خالی آسامیوں کے مسئلے کو نہایت سنجیدگی سے زیر بحث لایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گریڈ 15 سے کم درجے کی 1563 کے قریب اسامیاں تا حال خالی ہیں، جبکہ گریڈ 15 اور اس سے اوپر کی 1972 کے لگ بھگ پوسٹیں بھی عرصہ دراز سے غیر فعال ہیں۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے سختی سے ہدایت کی کہ متعلقہ محکمے ان اسامیوں پر فوری بھرتی کے لیے عملی اقدامات اٹھائیں، تاکہ اداروں کی کارکردگی متاثر نہ ہو۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر 30 جون 2026 تک ان اسامیوں پر بھرتی نہ کی گئی تو ان پوسٹوں کو مستقل طور پر ختم کر دیا جائے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## پاکستان کسی بھی مس ایڈونچر کا جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، صادق عمرانی

**جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں لیکن بھارت نے جارحیت کی انتہا کر دی، سینئر صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے بھارتی جارحیت کے منہ توڑ جواب " آپریشن بنیان مرصوص " کی کامیابی پر تمام اہل وطن کو مبارکباد پیش کی ہے، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ جنگیں کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہوتیں لیکن دشمن ملک بھارت جب جارحیت .......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پر اتر آیا تو ہمارے لئے ضروری تھا کہ ہم اپنی بقاء، سالمیت اور خودمختاری پر کسی قسم کا آنچ نہ آنے دیں اور دشمن کو اس کی زبان میں سمجھاتے ہوئے باور کرایا جائے کہ پاکستان کسی بھی مس ایڈونچر کا فوری جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ افواج پاکستان نے جس دیدہ دلیری اور بہترین حکمت عملی سے دشمن فوج پر وار کیا آج ہم پوری دنیا کے سامنے اپنا سر فخر سے بلند کر کے یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم امن کے داعی تو ضرور ہیں ۔

## سرکاری ہسپتالوں میں عملے کی غفلت قبول نہیں، صوبائی وزیر صحت

**معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت کاکڑ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ شفافیت، نظم و ضبط، جوابدہی، اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے، اور اس مقصد کے حصول کیلئے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں صوبے بھر کے تمام ہسپتالوں میں بنیادی سہولیات کی کمی اور عملے کی غفلت کسی طور قابل قبول نہیں، خلاف......... بقیہ 75 صفحہ نمبر 7 پر

ورزی کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، بے روزگاری کے خاتمے کیلئے جلد میرٹ پر بھرتیاں عمل میں لائی جائے گی، یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ صوبہ بھر میں خالی آسامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر پر کیا جائے گا اور خالی اسامیوں کو باقاعدہ مشتہر کر کے بھرتیاں عمل میں لائی جائیں گی انہوں نے محکمہ صحت کے تمام ملازمین کو پابند کیا کہ وہ حکومتی قانون کے مطابق ہفتے میں چھ دن مکمل ڈیوٹی انجام دیں اور ایمرجنسی ڈیوٹی والے دن بھی مکمل حاضری یقینی بنائیں خلاف ورزی کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

## پاکستان کی سالمیت اور دفاع پر کوئی کمپرومائز قبول نہیں، ظہور بلیدی

**پاک افواج نے بھارتی جارحیت جرأت و بہادری کے ساتھ مقابلہ کیا، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بھارتی جارحیت کا بھرپور جواب دینے پر مسلح افواج داد تحسین کی مستحق ہے، پاکستان کی سالمیت اور دفاع پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا، وطن کی دفاع کیلئے غیر معمولی جنگی......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

صلاحیتیں اقوام عالم میں ہمیں بے مثال بناتی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا میر ظہور احمد بلیدی نے افواج پاکستان کی جانب سے بھارتی جارحیت کا بھرپور انداز میں جواب دینے پر مسلح افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم کی جانب سے وطن عزیز کی مسلح افواج کو مبارکباد پیش کرتے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Date 13 MAY 2025 Page No. 21


## بلوچستان کے نوجوانوں کو ترقی کے سفر میں شامل کرنا ہے، وی سی بیوٹمز

### سرمایہ کاری بورڈ کیساتھ ملکر کام کرنے کیلئے پرعزم، رائزنگ بلوچستان ایونٹ شاندار کامیابی ہے، ڈاکٹر خالد حفیظ

کوئٹہ (خ ن) بیوٹمز کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے رائزنگ بلوچستان جدت اور مواقع کے موضوع پر منعقدہ ایونٹ کو ایک شاندار کامیابی قرار دیا ہے۔ اس تقریب کا انعقاد بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ اور بیوٹمز کے اشتراک سے کیا گیا تھا، جس کا بنیادی مقصد نوجوانوں کو بلوچستان کی ترقی کے سفر میں شامل کرنا ہے۔ ایک بیان میں پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ نے کہا کہ بیوٹمز اور بی ای او آئی ٹی نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو قومی ترقی میں شامل کرنے کی کوشش میں ہر ممکن تعاون کرینگے جو پاکستان کی خوشحالی اور ترقی میں بامعنی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اپنے قدرتی وسائل اور اس کے متحرک نوجوانوں دونوں میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان صوبے کے خوشحال مستقبل کو کھولنے کی کلید ہیں۔ انہیں تعلیم، ہنر اور مواقع سے آراستہ کر کے، ہم نہ صرف ان کے مستقبل کو تشکیل دے رہے ہیں بلکہ خطے میں پائیدار ترقی کی راہ بھی ہموار کر رہے ہیں۔

## جھل مگسی: پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بھارت مخالف ریلی نکالی گئی

### عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ، بھارت ہوش کے ناخن لے ورنہ دنیا کو منہ دکھانے کے قابل نہ رہے گا

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی میں آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی، پاک فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بھارت مخالف ریلی نکالی گئی اور عامر مرکزی چوک پر جلسہ کیا گیا تفصیلات کے مطابق جھل مگسی میں علما کرام مولانا محمد ابوبکر اور مفتی محمد ابراہیم کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی جس میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی بعد میں عامر مرکزی چوک پر جلسہ کیا گیا جس سے مولانا ابوبکر۔ مفتی محمد ابراہیم، میر ارسلان مگسی، حق نواز مگسی، جاوید احمد شیرازی، بھی نند لال، میہاں مل و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ اور شانہ بشانہ کھڑے ہیں بھارت کو ہوش کے ناخن لینے چاہیے ورنہ بھارت دنیا میں منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے گا پاکستان افواج نے آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی نے واضح کر دیا ہے کہ پاکستان ہر محاذ پر بھارت کو جواب دے سکتا ہے پاکستان کی سالمیت کو دنیا کی کوئی طاقت نقصان نہیں پہنچا سکتی ہے ریلی کے شرکا نے پاک فوج کے حق میں شدید نعرہ بازی کی اور پوک فوج کے حق میں لکھے بینرز اٹھار کھے تھے۔

## پاک فوج چیلنجز سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، کمانڈر ژوب ملیشیاء

### قیام امن افواج پاکستان کی قربانیوں اور قوم کے متحد ہونے کا ثمر ہے، بریگیڈیئر شجاع عباس

ژوب (خ ن) کمانڈر ژوب ملیشیاء بریگیڈیئر شجاع عباس نے کہا ہے کہ وطن عزیز میں قیام امن افواج پاکستان کی قربانیوں اور قوم کے متحد ہونے کا ثمر ہے۔ افواج پاکستان بیرونی اور اندرونی چیلنجز سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے انارخان اسٹیڈیم فرنٹیئر کور ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ انٹرڈسٹرکٹ شمشیر شہید فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اختتامی میچ ژوب اور شیرانی کی فٹبال ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ پنالٹی ککس میں شیرانی فٹبال کلب نے ژوب کی ٹیم کو ہرا کر ٹورنامنٹ جیت لیا۔ بریگیڈیئر شجاع عباس نے ونر اور رنراپ ٹیموں کو ٹرافیاں دیں جبکہ مہمانوں میں سوینئر اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔ کمانڈر پیراملٹری فورس شجاع عباس نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ملکی و بیرونی مخالف عناصر سے نمٹنے اور ان کا قلع قمع کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، جبکہ کمشنر ذیشان جاوید لاشاری، نوابزادہ محبوب خان جوگیزئی اور عبدالستار کاکڑ نے بھی بھارتی جارحیت کے خلاف افواج پاکستان کے پختہ عزم اور لازوال قربانیوں کو سراہا۔


INTEKHAB QUETTA


## کوئی ملازم غیر قانونی شکار میں ملوث نہیں، ریکوڈک کمپنی

### سوشل میڈیا پر ملازمین پر غیر قانونی شکار کے الزامات بے بنیاد، گمراہ کن اور کمپنی کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی دانستہ کوشش ہے، جسے مسترد کرتے ہیں

### الزامات کی چھان بین میں کوئی بھی ملازم غیر قانونی شکار میں ملوث نہیں پایا گیا تمام ملازمین کو ماحولیاتی قوانین کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے

نوکنڈی (نامہ نگار) ریکوڈک مائننگ کمپنی (آر ڈی ایم سی) نے سوشل میڈیا پر ملازمین پر غیر قانونی شکار کے الزامات کو بے بنیاد، گمراہ کن اور کمپنی کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی دانستہ کوشش قرار دیتے ہوئے سختی سے مسترد کر دیا ہے۔ کمپنی کے مطابق الزامات کی مکمل چھان بین کی گئی، جس میں ثابت ہوا کہ کوئی ملازم اس عمل میں ملوث نہیں۔ آر ڈی ایم سی نے واضح کیا کہ ماحولیاتی تحفظ کمپنی کے بنیادی اصولوں میں شامل ہے، اور تمام ملازمین کو وائلڈ لائف


بقیہ نمبر 22 صفحہ 5 پر


پروٹیکشن سمیت ماحولیاتی قوانین کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہے۔ کمپنی نے کہا کہ شکار شدہ جانوروں کا گوشت سائٹ پر فراہم کیے جانے کا دعویٰ بھی قطعی غلط ہے۔ کمپنی حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی معیار کے مطابق منصوبہ تشکیل دے چکی ہے۔ آر ڈی ایم سی نے کہا ہے کہ وہ شفاف روابط پر یقین رکھتی ہے تاہم جھوٹی معلومات پھیلانے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 13 MAY 2025 Page No. 22

## گنداوہ میں نامعلوم مسلح افراد کا لیویز چیک پوسٹ پر حملہ

**ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے سرکاری اسلحہ ضبط کر لیا**

**مسلح افراد فرار ہونے میں کامیاب، کسی تنظیم نے ذمہ داری قبول نہیں کی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گنداوہ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے لیویز چیک پوسٹ پر حملہ کر کے اہلکاروں کا اسلحہ ضبط کر کے لے گئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے علاقے گنداوہ میں واقع لیویز چیک پوسٹ پر نامعلوم مسلح ملزمان نے حملہ کر دیا اور ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو یرغمال بنا کر ان سے سرکاری اسلحہ ضبط کر لیا اور اہلکاروں کو بغیر کوئی نقصان ......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پہنچائے فرار ہو گئے اور جاتے ہوئے اہکاروں کو متنبہ کیا تاہم حملے کی ذمہ داری کسی تنظیم نے قبول نہیں کی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کے علاقے راڑہ شم میں مسافر کوچ پر فائرنگ

**تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے، چند ماہ قبل اسی مقام پر 22 مسافروں کو شہید کیا گیا تھا**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے راڑہ شم میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے کوئٹہ سے رائیونڈ جانے والی مسافر کوچ پر فائرنگ تاہم کوچ میں سوار تمام مسافر معجزانہ........ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

طور پر محفوظ رہے یاد رہے کہ چند ماہ قبل بھی مذکورہ مقام پر نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے 22 مسافروں کو قتل کیا گیا تھا پولیس کے مطابق گزشتہ شب بلوچستان کے علاقے موسیٰ خیل میں راڑہ شم کے مقام پر نامعلوم ملزمان کی جانب سے کوئٹہ سے رائیونڈ مرکز جانے والی کوچ پر فائرنگ کر دی تاہم کوچ میں سوار تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے

INTEKHAB QUETTA

## سنجاوی کے علاقے بغاو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص زخمی

سنجاوی (یو این اے) سنجاوی کے علاقے بغاو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے محمد عمر ولد اختر محمد قوم داد خیل ناصر زخمی ہو گیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق زخمی کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے۔ فائرنگ کی وجہ تاحال معلوم نہ ہو سکی۔

## ڈھاڈر بائی پاس کے قریب ایک شخص کی تشدد زدہ نعش ملی

ڈھاڈر (نامہ نگار) ڈھاڈر پولیس کو ڈھاڈر بائی پاس چاندرامی کے قریب ایک نامعلوم الاسم شخص کی لاش ملے جسے تحویل میں لیکر سول ہسپتال ڈھاڈر منتقل کر دیا گیا ایم ایس ڈاکٹر محمد زاہد سرکی کے مطابق لاش تشدد زدہ دو روز پرانی ہے مقتول کے گردن پر کپڑا ڈال کر گلہ گھونٹ کر قتل کیا گیا ہے مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

## واشک، ایک شخص اغواء کے بعد قتل، گولیاں لگی نعش ملی

واشک (یو این اے) ضلع واشک کے علاقے ناگ بانسر میں مسلح افراد نے ایک شخص کو گھر سے اغوا کرنے کے بعد قتل کر دیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق مقتول کی شناخت ملا داود ولد جان محمد سکنہ ناگ بانسر کے طور پر کی گئی ہے۔ لیویز فورس کے مطابق واقعہ کے بعد تعاقب کے دوران بانسر چھڑائی کے مقام سے مقتول کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد بقیہ نمبر 23 صفحہ 5 پر

ہوئی، جسے فوری طور پر آر ایچ سی اسپتال ناگ منتقل کر دیا گیا ہے۔ لیویز حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے، تاہم تاحال قتل کی وجوہات سامنے نہیں آ سکی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 23

# کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں میں کچرے کے ڈھیر عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

## مختلف شاہراہوں پر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے کچرے کے ڈب بند ہوگئے، شہری گھروں کا کچرہ سڑکوں پر پھینکنے لگے

جناح روڈ، امداد چوک، کواری روڈ جان محمد روڈ اور اطراف کے علاقوں میں نالیوں کا پانی اکثر سڑک پر بہتا نظر آتا ہے، شہری

## بڑی آبادیوں میں شہریوں کے مسائل بڑھ گئے، شہریوں کو سہولیات اور میونسپل سروسز کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) کوئٹہ شہر کے گنجان آباد علاقوں اور دیگر شاہراہوں پر کوئٹہ میٹروپولیٹن کی جانب سے شہریوں کی سہولت کیلئے قائم کچرے کے ڈب موجودہ ٹھیکیداری نظام کے تحت بند کردیئے، گلی کوچوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے، جناح روڈ، امداد چوک، کواری روڈ جان محمد روڈ و دیگر شہر کے بالائی علاقوں میں نالیوں کا پانی اکثر روڈ پر بہتا نظر آتا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں رہنے والے عوام کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے سٹاف کی جانب سے کچرہ اٹھائی کی سہولیات سے مستفید ہورہے تھے جو جونہی صفا کوئٹہ نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت یہ سہولت بھی بند کردی، کوئٹہ شہر کے گنجان آباد علاقوں کے اطراف بڑی سڑکوں پر کچرہ دان اسی مقصد کیلئے قائم تھے کہ شہری تنگ گلیوں سے گھریلو صارفین کا کچرہ اور بچا کچا تعمیری میٹریل ان بڑے کچرہ دانوں میں منتقل کیا جاتا تھا جو بعد ازاں ٹرکوں کے ذریعے شہر سے باہر روانہ کیا جاتا، شہریوں حفیظ اللہ، لیاقت علی جدون، محمد شریف، شاہنواز خان اور دیگر نے گفتگو کرتے پہلے گنجان آبادگلیوں اور محلوں میں عملہ صفائی شہریوں کے اصرار پر نالیاں صفا کر کے کچرہ بھی فوری ساتھ لے جاتے تھے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 24

# گوادر کے اہم منصوبوں سے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی ترجیح ہونی چاہیے!

گوادر سی پیک کا مرکز ومحور ہے، گوادر پورٹ سمیت دیگر منصوبوں سے فائدہ براہ راست عوام کو پہنچنا چاہیے خاص کر بلوچستان کا نقشہ ہی بدلتا نظر آنا چاہیے۔ بدقسمتی سے گوادر میں آج بھی بجلی، پانی سمیت دیگر بنیادی سہولیات کا فقدان ہے جبکہ سرحد پر تجارتی بندش پر لوگ سراپا احتجاج رہتے ہیں۔ گوادر کے ماہی گیروں کا مسئلہ بھی جوں کا توں ہے یعنی مسائل کی ایک لمبی فہرست ہے۔ گوادر پورٹ کی فعالیت گوادر، فری زون سے سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کو سہولیات کی فراہمی خوش آئند بات ہے مگر گوادر سمیت بلوچستان کے عوام کو بھی اس سے فائدہ پہنچایا جائے۔ گوادر میں بجلی، پانی کا مسئلہ بہت دیرینہ ہے جس کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ بہرحال سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت 727.738 ملین روپے کی لاگت سے گوادر پورٹ اور گوادر فری زون ساؤتھ کو 20 میگاواٹ بجلی کی فراہمی کیلئے کام شروع ہو گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے بجلی کی تاروں اور کھمبوں سمیت ضروری بنیادی ڈھانچے کو سائٹ پر پہنچا دیا ہے، بجلی کے کھمبے لگانے کا کام زور شور سے جاری ہے۔ کیسکو کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ 5 میگاواٹ کی صلاحیت کے ساتھ چار آزاد فیڈرز ڈیپ سی پورٹ گرڈ اسٹیشن سے گوادر پورٹ اور گوادر فری زون ساؤتھ کو بجلی فراہم کریں گے۔ گوادر پرو کے مطابق تکمیل کے بعد یہ منصوبہ بندرگاہ کی طویل مدتی بجلی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے کافی ہوگا۔ توقع یہ ہے کہ منصوبہ اس سال جون کے آخر تک مکمل ہو جائے گا۔ کیسکو حکام نے بتایا کہ کمپنی پہلے ہی گوادر نارتھ فری زون کو 10 میگاواٹ بجلی فراہم کر چکی ہے جس سے سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے جنہیں گزشتہ سال زون کے قیام کے بعد سے بجلی کی ضرورت تھی۔ گوادر پرو کے مطابق اس سے قبل گوادر پورٹ 8.5 میگاواٹ ڈیزل سے چلنے والے جنریٹر سے مہنگی بجلی پر انحصار کرتی تھی جس کے آپریشنل اخراجات زیادہ ہوتے تھے۔ بہرحال گوادر کی مقامی آبادی کو درپیش بجلی اور پانی کے مسائل کو فوری حل ہونا چاہیے۔ گوادر پورٹ کی فعالیت سے تجارتی سرگرمیوں میں تیزی آئے گی بلوچستان کے عوام کو یہ باور کرانا ضروری ہے کہ محض سرمایہ کار اور کمپنیوں کو ہی فائدہ نہیں پہنچایا جائے گا بلکہ گوادر سمیت بلوچستان کے لوگوں کی زندگیوں میں بھی تبدیلی آئے گی۔ بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ روزگار کے وسیع مواقع سے عوام کو فائدہ پہنچایا جائے گا۔ بلوچستان حکومت کو گوادر کے منصوبوں میں اس کا حق معاہدے کے تحت دیا جائے تاکہ بلوچستان حکومت اپنے محاصل سے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبے شروع کرے، اپنے لوگوں کو سہولیات سمیت صوبے میں تجارت کو فروغ، شاہراہوں کی تعمیر، مواصلات کا بہترین نظام سمیت دیگر اہم منصوبوں کے ذریعے تبدیلی لائے۔ امید ہے کہ بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے وفاق اور بلوچستان حکومت مل کر کام کرینگی تاکہ صوبے سے پسماندگی ومحرومیوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 25


## بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاک فوج کا ساتھ دیا ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا تھا، لیکن اب اس کو بخوبی یہ اندازہ ہو گیا ہے

کہ ہم کتنی بڑی دفاعی طاقت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتی ہے اور ہر وقت اپنے وطن کی حفاظت کے لیے تیار ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان جنگ نہیں چاہتا، مگر جب بھی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، دشمن کو بھرپور جواب دیا گیا ہے۔ یہ پیغام دشمن تک پہنچ چکا ہے کہ پاکستانی قوم اپنی سرحدوں کی حفاظت کے لیے کسی بھی قیمت پر تیار ہے۔ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ پاک فوج کا ساتھ دیا ہے اور ان کے جذبے کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے پاک فوج کے جوانوں کی قربانیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ مادر وطن کے دفاع کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ انہوں نے آرمی چیف، نیول چیف اور سیکیورٹی فورسز کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کے دفاع میں ان کی قربانیاں لائق تحسین ہیں۔ وزیراعلیٰ بگٹی نے مزید کہا کہ بھارت کی پشت پناہی میں بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو ایک سخت پیغام دیتے ہوئے کہا کہ انہیں ایک بار پھر سوچنا ہو گا کہ وہ کہاں کھڑے ہیں۔ آج ہم انہیں ایک مرتبہ پھر قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں، ورنہ ان کے لیے شکست کے سوا کچھ نہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کھیلوں کے میدان آباد کرے گی اور بلوچستان کے ٹیلنٹ کو بھرپور انداز سے سپورٹ کرے گی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے اگر کھلاڑیوں کو پوری طرح سے سپورٹ کیا جائے تو وہ عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کر سکتے ہیں پاکستان میں پہلی بار عالمی باکسنگ کے ایونٹ کے انعقاد پر انہوں نے تمام منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چیمپین شپ کے اس بڑے ایونٹ کو بلوچستان لے کر آنا یقیناً ایک بہت بڑی کامیابی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ہمیشہ دشمن کی یہی خواہش رہی ہے کہ کھیلوں کے میدان ویران کرے اور یہاں کے نوجوانوں کو کسی بھی مثبت سرگرمی کا حصہ نہ بننے دیں لیکن آج کا یہ مثبت ایونٹ اس بات کا واضح عکس کہ بلوچستان کے لوگ امن پسند، کھیل اور کھلاڑیوں سے محبت کرنے والے ہیں انہوں نے کہا کہ آغاز میں جب اس اہم ایونٹ کے کوئٹہ میں انعقاد کا ائیڈیا میرے ساتھ شیئر کیا گیا تو مجھے لگا کہ جیسے یہ ایک خواب ہو گا لیکن آج الحمدللہ یہ خواب شرمندہ تعبیر ہوا اور یقیناً اس کو عملی شکل دینے میں کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان اور ہمارے عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد وسیم کا کردار بلاشبہ کلیدی ہے انہوں نے کہا کہ مجھے ملک کے ان تمام محافظوں پر فخر ہے جو ہمیشہ ہماری ملک کی دفاع اور سالمیت کو ناقابل تسخیر بناتے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ پڑوسی ملک بھارت نے پاکستان کی امن دوستی کو کمزوری سمجھا جو ان کی بہت بڑی نادانی تھی پاکستان کے افواج اور فضائیہ نے دشمن کے تمام ناپاک عزائم کو ناکام بناتے ہوئے ملک کی دفاع اور اس کی سرحدوں کی حفاظت کا جو مظاہرہ کیا وہ یقیناً قابل تحسین ہے ہمارے ملک کے محافظوں کی انہی دلیرانہ کاوشوں سے خوفزدہ ہو کر دشمن سیز فائر کرنے پر مجبور ہوا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام مرد آہن چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر، چیف اف نیول سٹاف اور چیف آف ائیر سٹاف کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہے جنہوں نے اس ملک کے نوجوانوں اور بچوں کو محفوظ اور بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لیے دشمن کے تمام ناپاک ارادوں کو خاک میں ملا دیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں کھیلوں کو فروغ دے کر کھلاڑیوں کی بھرپور پذیرائی کی جائے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 8

Dated: 13 MAY 2025

Page No. 27

## بلوچستان کا باکسر ایک بار پھر ورلڈ چمپئن، عوام میں خوشی کی لہر

فرسٹ پاکستان انٹرنیشنل باکسنگ چمپئن شپ کے سنسنی خیز مقابلے پولو گرائنڈ کوئٹہ کینٹ میں ہوئے، ان مقابلوں میں پاکستان سمیت 9 ممالک کے بین الاقوامی باکسر (مکے بازوں) نے حصہ لیا، چمپئن شپ کے حتمی کھیل میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے مکے باز محمد وسیم نے اپنے ٹائٹل کا دفاع کرتے ہوئے کیوبا کے باکسر کو ناک آؤٹ کردیا۔ بلاشبہ یہ مقابلے بہت ہی دلچسپ رہے لیکن بدقسمتی سے پاکستان اور انڈیا کے تناؤ کے باعث ان مقابلوں کو اس طرح پذیرائی نہیں مل سکی جتنی ملنی چاہیے تھی۔ یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ کراچی اور دیگر شہروں میں ہونے والے مقابلوں کو میڈیا بڑی کوریج دیتا ہے لیکن بلوچستان جیسے صوبے میں ہونے والے مقابلوں کو اس طرح کوریج نہیں دی جاتی دوسری جانب ان مقابلوں کا انتظام کرنے والے بھی میڈیا کوریج کے حوالے سے بھرپور اقدامات نہیں کرتے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کو اس حوالے سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے کہ قومی سطح کے میڈیا پر بلوچستان میں ہونے والی تمام سرگرمیوں کو اجاگر کیا گیا، چاہے وہ سیاسی ہوں، معاشی ہوں یا کھیلوں سے متعلق ہوں۔ تعلیمی میدان میں بھی بلوچوں کی کامیابیوں کو سراہا جانا چاہیے، اسی طرح دیگر ریاستی اداروں میں خدمات انجام دینے والے بلوچوں کی بھی پذیرائی ہونی چاہیے، حال ہی میں ایئرفورس کے ایک پائیلٹ کامران بشیر مسیح کی دنیا بھر میں واہ واہ ہوئی، اس میں جہاں ان کی بہادری اور شجاعت کا تعلق ہیں، وہیں ان کو اس بہادر اور شجاعت دکھانے کا موقع ملنے کا بھی تعلق ہے، کیونکہ پاکستان ایسے کروڑوں نوجوان ہیں جو اتنے ہی بہادری اور شجاعت سے بھرپور ہیں لیکن انہیں موقع نہیں ملتا، اور خاص طور پر بلوچستان کے نوجوانوں تو خاص طور پر نظر انداز کیا جارہا ہے، افسوس تب ہوتا ہے جب صوبائی حکومت بھی ان کی بھرپور طریقے سے کوریج نہیں کرتی، بلوچستان کا ایک بہادر، نڈر اور دلیر نوجوان باکسنگ میں ورلڈ چیمپئن بن گیا ہے لیکن کتنے پاکستانیوں کو معلوم ہے؟ اس کی واحد وجہ پاکستان میں ہونے والے تمام اقدامات، کام اور صورتحال کی کوریج نہ ہونا ہے۔

وفاقی اور صوبائی حکومت دونوں کو چاہیے کہ بلوچستان کے نوجوانوں اور شہریوں کے کارناموں اور اچھے کاموں کو بھرپور طریقے سے اجاگر کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں تاکہ بلوچ نوجوانوں کے حوصلے مزید بلند ہوں، جن نامساعد حالات میں ہو اتنا اچھا پرفارم کرتے ہیں اگر انہیں تھوڑی سی مدد و معاونت میسر آجائے تو اس میں کوئی بڑی بات نہیں کہ بہت جلد دنیا بلوچستان کے نوجوانوں سے متاثر ہونے لگے، کیونکہ بلوچوں میں بہادری اور شجاعت بدرجہ اتم موجود ہے، لہذا حکومت فوری طور پر بلوچستان میں ہونے والے مثبت کاموں کو اجاگر کرنے کے لیے اقدامات کرے، نیشنل میڈیا کو بلوچستان کی کوریج کے لیے پابند کرے اور باقی صوبوں کی طرح بلوچستان کی خبروں پر بھی توجہ دی جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 13 MAY 2025 Page No. 29

## "ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) عوام دوستی کی درخشاں مثال"

افکارِ زاہدی

نسیم الحق زاہدی



ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) سرحدوں کی [illegible] سے لیکر عوام کی خدمت تک جو قابل [illegible] خوشحالی میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کا کردار کسی تعارف کا محتاج نہیں [illegible] نہ صرف اپنی ذمہ داری کے علاقے [illegible] اور امن وامان کی بحالی کی [illegible] ذمہ داریوں کو انتہائی بہترین اور موثر [illegible] بلکہ اس نے مقامی لوگوں کی [illegible] علاقے کی ترقی کے لیے بھی [illegible] جنوبی بلوچستان کے دور [illegible] کی ترسیل، پینے کے [illegible] صحت کی سہولیات اور [illegible] قدرتی آفات [illegible] خدمات سرفہرست شامل ہیں۔ گذشتہ [illegible] اپریل 2025 میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے جنوبی بلوچستان میں عوامی فلاح وبہبود کی 1391 مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جن میں 35 کھلی کچہریوں اور جرگوں کا انعقاد ہے، جن میں مقامی افراد کے مسائل کو سنا گیا۔ مختلف اسکولوں میں 55 نصابی وغیر نصابی تقریبات کا انعقاد، شہداء کے قبروں پر فاتحہ خوانی، 257 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد، 26 کھیلوں کے مقابلے اور 749 فلاحی سرگرمیاں شامل ہیں۔ جن میں چند ایک کا ذکر۔ جنوبی بلوچستان کے دوردراز علاقوں میں، جہاں طبی سہولیات کا فقدان ہے، میں 257 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا، جن میں دشت، مند، آواران، پنجگور (چیرک۔ چیدگی) خاران اور ماشکیل کے علاقے شامل ہیں۔ ان میڈیکل کیمپوں میں ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی زیر نگرانی مجموعی طور پر 10155 مریضوں کو مفت علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ مریضوں کو طبی معائنے اور لیبارٹری ٹیسٹوں کی سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت [illegible] پاکستان آرمی کی ماہر گائناکالوجسٹ کی [illegible] خدمات بھی فراہم کی گئیں۔ اسی طرح کھیلوں کے حوالے سے مختلف علاقوں، جس میں دشت، مند، مکران، سامی، مشکیچہ، تفتان اور ماشکیل شامل ہیں، میں 26 سپورٹس ٹورنامنٹس کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ جن کا مقصد کھیلوں کا فروغ اور نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا تھا، کیونکہ کھیلوں کی اہمیت صرف تفریح تک محدود نہیں، بلکہ یہ نوجوانوں کو باہمی تعاون، ٹیم ورک اور قیادت کی اہمیت سکھانے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ شعبہ تعلیم کے حوالے سے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے مختلف تعلیمی اداروں جن میں مدرسہ انوار القرآن، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول شولی، گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول سامی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول پیدارک، گورنمنٹ مڈل اسکول تنک، گورنمنٹ بوائز پرائمری واشک، کیڈٹ کالج خاران، گورنمنٹ پرائمری اسکول درچنہ، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول الہ آباد اور برائٹ فیوچر اسکول ماشکیل شامل ہیں، میں 55 نصابی وغیر نصابی تقریبات کا انعقاد کیا، جن میں تقاریر، شاعری اور کھیلوں کے مقابلے شامل ہیں، جن کا مقصد طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور غیر نصابی سرگرمیوں کو اجاگر کرنا تھا۔ علاوہ ازیں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے یونیورسٹی آف مکران، پنجگور کا دورہ کیا اور وہاں پر تعلیمی ماحول اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ دوسری جانب گورنمنٹ [illegible] ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) ہیڈ کوارٹر تربت کا مطالعاتی دورہ کیا۔ فلاحی سرگرمیوں کے حوالے سے ایف سی ساؤتھ نے مختلف علاقوں میں 749 سرگرمیوں کا وسیع پیمانے پر انعقاد کیا، جوکہ بلیدہ، مکران، ہوشاب، پنجگور، خاران، دالبندین، تفتان، اور ماشکیل سمیت متعدد پسماندہ اور دور افتادہ علاقوں میں سرانجام دی گئیں۔ جن میں مستحق خاندانوں میں مفت راشن کی تقسیم، پینے کے لیے صاف پانی کی فراہمی، طبی سہولیات، تعلیمی معاونت، کھیلوں کے میدانوں کی تعمیر، خدمت مرکز کی تزئین وآرائش، آر او پلانٹ کی تنصیب، چیدگی باڈر پر انتظار گاہ، روزگار اور دیگر اہم سماجی خدمات شامل تھیں۔ جو فلاح وبہبود کے اس ویژن کا حصہ ہیں، جس کا مقصد معاشرے کے پسماندہ طبقے کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنا، معاشرتی ناہمواریوں کا خاتمہ کرنا اور سماجی انصاف کو فروغ دینا ہے، کیونکہ سوشل ورک یا انسانی خدمت اور معاشرے کے غریب اور نادار لوگوں کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے اور اسلام نے اس کی تعلیم دی ہے۔ یہ جناب رسول ﷺ کی سنت مبارک ہے اور آپ ﷺ نے دکھی انسانیت کی خدمت اور نادار لوگوں کے ہاتھ بٹانے کا بڑا اجر وثواب بیان فرمایا ہے۔ نزول وحی کے بعد آپ ﷺ جب گھر تشریف لائے اور چادر اوڑھ کر لیٹ گئے۔ ام المومنین سیدہ خدیجہؓ نے آپ سے وجہ دریافت فرمائی تو آپ نے سارا واقعہ بیان کیا اور ساتھ یہ بھی فرمایا کہ "خشیت علی نفسی" مجھے اپنے بارے میں ڈر لگ رہا ہے تو اس پر امہات المومنین سیدہ خدیجہؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالی آپ کو غمزدہ نہیں کریگا۔ اور انہوں نے اپنے دعوی پر جو دلیل دی وہ یہ تھی کہ "آپ صلہ رحمی کرتے ہیں، ضرورت مندوں کے کام آتے ہیں، مہمان کی خدمت کرتے ہیں، لوگوں کی مشکلات میں ان کا ہاتھ بٹاتے ہیں [illegible] لوگ انسانی سوسائٹی میں دوسروں کے کام آتے ہوں اللہ تعالی انہیں غمزدہ اور پریشان نہیں کیا کرتا۔" دکھی انسانیت کے کام آنا آپ کی پہلی سنت مبارکہ ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) آپ کی سنت مبارکہ پر پورے طریقے سے عمل پیرا ہے۔ جذبہ خدمت خلق کے تحت ضرورت مندوں، بزرگوں، بچوں اور معذور افراد کو زندگی کی بنیادی سہولیات فراہم کرکے انہیں خودکفیل بننے میں ان کی مدد کی جارہی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی تاریخ جرات، بہادری، محبت، ایثار اور قربانیوں سے بھری پڑی ہے، جن پر ہزاروں صفحات پر مشتمل درجنوں کتب تحریر کی جاسکتی ہیں۔ ان تمام سرگرمیوں کے انعقاد پر مقامی افراد، طلبہ اور مریضوں نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اوران اقدامات کو علاقے میں خوشحالی، امن اور ترقی کے جانب ایک اہم قدم قرار دیا۔ بلاشبہ ملک کی سلامتی ہو یا دہشت گردی کے سائے ہوں، ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے جوانوں نے اپنی جانوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے لبیک کہتے ہوئے آگے بڑھ کر بلوچ عوام کی مدد کی ہے۔ آج مٹھی بھر ملک دشمن عناصر جنوبی بلوچستان میں بدامنی پھیلانے کی کوششوں میں معروف مگر وہ نہیں جانتے کہ جب تک ایف سی (ساؤتھ) موجود ہے ان کے یہ حربے کبھی کامیاب نہیں ہوسکے۔ آخر میں ایف سی (ساؤتھ) کے جوانوں کے جذبات کی ترجمانی کے ساتھ اجازت۔

آخری دم بھی تیرا دم ہی بھریں گے ہم تو
تیری خاطر اے وطن ہنس کے مریں گے ہم تو
جان ہاری بھی اگر پھر بھی نہ ہاریں گے تجھے
اے وطن پاک لہو دے کے سنواریں گے تجھے۔